Nestlé Good food, Good life

# پریس ریلیز

لاہور،26فروری،2024

## نیسلے پاکستان کا2023کے لئے مالیاتی نتائج کا اعلان

نیسلے پاکستان کے لئے مالی سال 2023 کا اختتام مثبت رہا۔ کمپنی نے مستحکم مالیاتی کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس کی بدولت آمدن میں مالی سال 2022 کے مقابلے میں 23.4 فیصد اضافہ ہوا۔

مالیاتی نتائج کا اعلان کمپنی کے ہیڈ آفس میں منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے بعد کیا گیا۔

متعدد بیرونی چیلنجز کے باوجود کمپنی کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے پروڈکٹ کی دستیابی کو یقینی بنانا اور برانڈز میں سرمایہ کاری کی بدولت آمدن میں اضافہ کا حصول ممکن ہوا۔

خام مال اور پیکیجنگ میٹریل کی مقامی سطح پر پروکیورمنٹ، برآمدات میں اضافہ (18 ممالک کو) اور فکسڈ لاگتوں پر سخت کنٹرول کے نتیجہ میں کمپنی کے آپریٹنگ منافع میں بھی بہتر آئی۔

کمپنی نے سال کے دوران ملازمین کی فلاح وبہود، لوگوں کی ترقی اور تنوع، مساوات اور شمولیت پر توجہ مرکز رکھی اور افرادی قوت کی مہارتوں میں اضافہ اور ترقی میں سہولت فراہم کرنے کے لئے متعدد پروگرام شروع کئے۔ خواتین لیڈرز کی نمائندگی کا تناسب 2022 کے 18 فیصد سے بہتر ہو کر 2023 میں 23.4 فیصد ہو گیا۔

سال 2023 کمپنی کے لئے اہم رہا کیونکہ نیسلے کے پاکستان میں 35 سال مکمل ہوئے۔ نیسلے پاکستان معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کے محرک کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے ہوئے ہے۔ کمپنی پائیداری پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے 3.2 بلین روپے کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ کمپنی کی طرف سے قابل تجدید توانائی پر 2 بلین روپے کی سرمایہ کاری کی گئی۔ کمپنی نے 2023 کے لئے پائیداری کے فروغ کے اپنے تمام اہداف حاصل کئے جن میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی، سسٹین ایبل پیکیجنگ، واٹر ری جینیریشن، پلاسٹک ویسٹ کو اکھٹا کرنا (ہمارے ویسٹ مینجمنٹ پراجیکٹ کلین گلگت بلتستان پراجیکٹ کے تحت 2600 ٹن پلاسٹک ویسٹ ٹھکانے لگایا گیا) اور پینے کے صاف پانی کے 7ویں پلانٹ کا افتتاح شامل ہے۔ نیسلے فار ہیلتھیئر کڈز (N4HK) پروگرام نے ملک بھر میں اپنے دائرہ کار کو بڑھاتے ہوئے 360,000 بچوں اور 2300 اساتذہ تک رسائی حاصل کی۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے مستفیدین رورل ویمن سیلز ایجنٹ کے طور پر شمولیت کی تعداد کو بھی بڑھا کر 3000 کر دیا گیا۔ سال کے دوران اخوت، پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی اور ایس او ایس ویلجز کو کارپوریٹ عطیہ دیے گئے۔

کمپنی کاروباری لاگتوں کے حوالے سے درپیش جاری چیلنجز کے باوجود 2024 کے لئے ترقی کے بارے میں محتاط امید کا اظہار کرتی ہے۔ کمپنی مستحکم کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قومی معیشت کی ترقی میں اپنا کردار جاری رکھے گی۔

**مذید معلومات کے لیے رابطہ کریں**

محمد راحت حسین

کارپوریٹ مینیجر پبلک افیئرز اینڈ میڈیا ریلیشنز

muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com